**وزارت محنت، تربیت و ہنر کا فروغ**
**(Ministry of Labour, Training and Skills Development)**

# غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ، 2009 (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009) کے تحت آپ کے حقوق

**اعلان دستبرداری:** یہ وسیلہ غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ، 2009 (ای پی ایف این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009, EPFNA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای پی ایف این اے (EPFNA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای پی ایف این اے (EPFNA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔

[غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق قانون، 2009](https://Ontario.ca/EPFNA) (ای پی ایف این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009) (EPFNA) ایک ایسا قانون ہے جو ان غیر ملکی شہریوں کے لیے حقوق اور تحفظ فراہم کرتا ہے جو ترک وطنی یا غیر ملکی عارضی ملازمت پروگرام، جیسے وفاقی عارضی غیر ملکی کارکن پروگرام، کے تحت اونٹاریو میں کام کرتے ہیں یا کام کی تلاش میں ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی [Ontario.ca/EPFNA](https://Ontario.ca/EPFNA) ملاحظہ کریں۔

یہ پرچۂ معلومات ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت آپ کے حقوق کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے اور یہ وزارت محنت، تربیت و ہنر کے فروغ کی جانب سے دستیاب ہےتو آپ کے بحال کنندہ یا آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو یہ پرچۂ معلومات آپ کی پہلی زبان میں فراہم کرے۔

اونٹاریو میں ایک غیر ملکی شہری کے طور پر کام کرنے کی حیثیت سے آپ کو عام طور پر ملازمت کے معیارات سے متعلق ایکٹ، 2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000, ESA) کے تحت بھی حقوق حاصل ہیں۔ ای ایس اے (ESA)اونٹاریو میں زیادہ تر کام کی جگہوں کے لیے کم از کم معیارات طے کرتا ہے، جس میں کم سے کم اجرت اور کام کے اوقات پر حدبندی شامل ہیں۔آپ کے آجر کے لیے یہ بھی لازم ہے کہ وہ ای ایس اے (ESA) کے تحت آپ کے حقوق کے بارے میں آپ کو پرچۂ معلومات فراہم کرے۔

## کوئی بحال کنندہ آپ سے کوئی فیس وصول نہیں کر سکتا

بحال کنندہ کوئی بھی ایسا فرد ہوتا ہے جو آپ کے لیے اونٹاریو میں ملازمت تلاش کرتا یا تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بحال کنندہ آپ کو کسی کے پاس بھیج بھی سکتا ہے یا اونٹاریو میں آپ کے لیے ملازمت تلاش کرنے میں کسی کی مدد کر سکتا ہے۔ آپ کا بحال کنندہ یا ان کے ساتھ کام کرنے والا کوئی اور فرد آپ کو فراہم کردہ کسی خدمت، سامان یا فائدے کے لیے آپ سے کوئی فیس وصول نہیں کر سکتا ہے، جیسے: لیبر مارکیٹ کی تشخیص، واقفیت، ریزیومے نویسی کی خدمات، انٹرویو کی تیاری، یا فرسٹ ایڈ کی ٹریننگ۔

## کوئی آجر آپ سے ملازم بننے کی لاگتیں وصول نہیں کر سکتا (کچھ استثناء کے ساتھ)

عام طور پر، اگر آپ کے آجر نے آپ کو بحال کرنے کی کوئی فیس ادا کی ہے یا اس پر دیگر لاگتیں آئی ہیں تو وہ آپ سے یہ لاگتیں وصول نہیں کر سکتا، جیسے آپ کے لیبر مارکیٹ کی تشخیص، واقفیت، ٹریننگ یا کوئی فیس جو اس نے بحال کنندہ کو ادا کی ہوں۔ وہ آپ کی اجرت میں سے بھی ان فیسوں یا لاگتوں کو نہیں کاٹ سکتا ہے۔تاہم، اگر آپ وفاقی حکومت کے موسمی زرعی کارکن پروگرام (ایس اے ڈبلیو پی) (Seasonal Agricultural Worker Program, SAWP) کے تحت بر سر ملازمت ہیں تو آپ کا آجر ہوائی سفر اور ورک پرمٹ کی لاگتیں کاٹ سکتا ہے اگر آپ کے ایس اے ڈبلیو پی (SAWP) کے ملازمتی معاہدے کے تحت ان کٹوتیوں کی اجازت ہو۔

**کوئی آجر کسی بحال کنندہ کی جانب سے کسی غیر ملکی شہری سے بحالی کی فیس یا روزگار کی فراہمی کی دیگر لاگتیں بھی وصول نہیں کر سکتا ہے۔**

## کوئی بحال کنندہ یا آجر آپ کی ملکیت نہیں لے سکتا

آپ کا بحال کنندہ، آپ کا آجر یا ان میں سے کسی کی بھی جانب سے کام کرنے والا فرد کسی بھی وجہ سے آپ کی ملکیت نہیں لے سکتے۔ ان میں دستاویزات جیسے آپ کا پاسپورٹ یا ورک پرمٹ شامل ہیں۔

Ontario

## آپ اپنے حقوق ترک کرنے پر راضی نہیں ہو سکتے ہیں

آپ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے کسی بھی حقوق کو ترک کرنے کے لیے راضی یا کسی معاہدے پر دستخط نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ معاہدے اور عہد نامے درست نہیں ہیں۔مثال کے طور پر، اگر آپ کسی معاہدے پر دستخط کرتے ہیں جس میں آپ کسی بحال کنندہ کو بحالی کی فیس لینے کی اجازت دیتے ہیں، تو یہ معاہدہ درست نہیں ہوگا۔

## اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انھیں استعمال کرنے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای پی ایف این اے (EPFNA) یا ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا ان کا استعمال کرتے ہیں، تو آپ کا بحال کنندہ یا آجر آپ کو کسی بھی طرح سے، بشمول آپ کی ملازمت ختم کرنے کی، دھمکی نہیں دے سکتا ہے، ڈرا نہیں سکتا ہے یا آپ کو سزا نہیں دے سکتا ہے۔

## اگر آپ کا کوئی سوال ہے، یا کوئی دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں

EPFNA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں۔

اگر ای پی ایف این اے (EPFNA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں، تو آپ ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات (Employment Standards Information Centre) کو 326-7160 (416) پر، ٹول فری 1-800-531-5551 پر یا TTY 1-866-567-8893 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق موصول نہیں ہوئے ہیں، تو آپ Ontario.ca/EPFNA پر وزارت محنت، تربیت و ہنر کا فروغ کے پاس دعوی دائر کر سکتے ہیں۔

ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق کے لیے دعوی دائر کرنے کے لیے آپ کے پاس ساڑھے تین سال کا وقت ہوتا ہے۔